حکیم الامت مجدد الملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

ملفوظات حکیم الامت

اِدارہ تالیفاتِ اَشرفیہ
چوک فوارہ ملتان پاکستان
(061-4540513-4519240

بسلسلہ

ملفوظات حکیم الامت

جلد ۱۵

حکیم الامت مجدد الملت

حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہٗ

مجموعہ

ملفوظات اطہر

جمع فرمودہ: حضرت مولانا اطہر علی سلہٹی رحمہ اللہ

مزید المجید

جمع فرمودہ: حضرت مولانا عبدالمجید بچھراؤنی رحمہ اللہ

فیوض الرحمن

جمع فرمودہ: حضرت مولانا فیوض الرحمن رحمہ اللہ

خیر الافادات

جمع فرمودہ: حضرت مولانا خیر محمد صاحب رحمہ اللہ

عنوانات

حضرت صوفی محمد اقبال قریشی مدظلہ

ادارہ تالیفات اشرفیہ
چوک فوارہ ملتان پاکستان
(061-4540513-4519240

تاریخ اشاعت............... ربیع الثانی ۱۴۲۹ھ
ناشر.......................ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان
طباعت....................سلامت اقبال پریس ملتان

انتباہ

قارئین سے گذارش

ادارہ کی حتی الامکان کوشش ہوتی ہے کہ پروف ریڈنگ معیاری ہو۔ الحمدللہ اس کام کیلئے ادارہ میں علماء کی ایک جماعت موجود رہتی ہے۔ پھر بھی کوئی غلطی نظر آئے تو برائے مہربانی مطلع فرما کر ممنون فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں درست ہو سکے۔ جزاکم اللہ

ملنے کے پتے

ادارہ تالیفات اشرفیہ.....چوک فوارہ....ملتان | مکتبہ رشیدیہ.......راجہ بازار.......راولپنڈی
ادارہ اسلامیات.........انارکلی.........لاہور | یونیورسٹی بک ایجنسی.....خیبر بازار.......پشاور
مکتبہ سید احمد شہید.......اردو بازار.......لاہور | ادارۃ الانور.........نیوٹاؤن.......کراچی نمبر 5
مکتبہ رحمانیہ.......اردو بازار .... لاہور | مکتبۃ المنظور الاسلامیہ.....جامعہ حسینیہ.....علی پور
مکتبۃ المنظور الاسلامیہ...........بلاک نمبر...........مدینہ ٹاؤن.......بنگ موڑ.......فیصل آباد

ISLAMIC EDUCATIONAL TRUST U.K
(ISLAMIC BOOKS CENTERE
119-121- HALLIWELL ROAD
BOLTON BL1 3NE. (U.K.)

مزید المجید

جمع فرمودہ:

حضرت مولانا عبدالمجید بچھرایونی رحمہ اللہ

کی خلافت میں جب سفیر اسلام ہرقل کے دربار میں تشریف لے گئے ہیں اور اس نے حضرت عمرؓ کے حالات دریافت کئے ہیں کہ تم اپنے خلیفہ کے حالات سناؤ وہ کیسے ہیں اور کیا کرتے ہیں تو ایک شخص ان پڑھ معمولی لباس میں سے جواب دیتے کہ ہمارے خلیفہ کا مختصر یہ حال ہے کہ لا یخدع و لا یخدع دیکھئے ایک ان پڑھ شخص نے دو جملوں میں وہ جواب دیا ہے کہ بادشاہ حیران ہوگیا۔ تو بات کیا تھی۔ طاعت کی برکت سے عرفان حق حاصل تھا حق تعالیٰ ان کے حامی اور مددگار تھے۔ مسلم ہے۔ من کان للہ کان اللہ لہ حضرت وہ تعلیم حق تھی اور انہیں طاعات کی بدولت تھی جن کو آج ہم نے چھوڑ رکھا ہے۔

صاحب سلطنت کو جن دو اوصاف کا ہونا ضروری ہے

ملفوظ ۱۱۹۔ غرض ہرقل نے یہ سن کر ارکان دولت جمع کیا اور کہا کہ ان کے خلیفہ میں یہ دونوں ایسی ہیں کہ جس شخص میں یہ دونوں باتیں جمع ہو جائیں۔ تو ساری دنیا اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ لا یخدع سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ شخص بہت بڑا متدین ہ جو سلطنت کا راس ہے اور وہ لا یخدع سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ شخص بہت بڑا عاقل ہے جو صاحب سلطنت کو ہونا چاہئے اور تدین اور عقل جس میں جمع ہو وہ سب پر غالب ہوگا اور یہ بھی فرمایا کہ حضرت جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے زیادہ کیا مسلمانوں کو مصیبت ہوگی اس طرف تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کا اتنا عظیم واقعہ دوسری طرف کفار کا زور۔ تیسرے ایک فرقہ مرتدین کا شوروغل۔ مگر حضرت سیدنا ابوبکر صدیقؓ ایک تنہا شخص کہ جنکی مخالفت مشورہ میں تمام صحابہ کر رہے ہیں اور پھر حضرت صدیقؓ ساری دنیا کیلئے مقابلہ کیلئے تیار۔ یہاں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کی ہلچل پڑ رہی ہے اور آپ حضرت اسامہؓ کو فوج دے کر شام بھیج رہے ہیں اور ساتھ ساتھ ہی ایک لشکر مانعین زکوۃ کے اوپر بھیج رہے ہیں حضرت عمرؓ اس کی مخالفت کرتے ہیں کہ یہ موقع نہیں ہے اگر ہم مدینہ سے باہر جائیں گے تو اندیشہ ہے کہ کفار مدینہ پر چڑھ آئیں اور اہل مدینہ کے ساتھ بے ادبی کریں۔ حضرت سیدنا ابوبکر صدیقؓ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ان اللہ معنا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ میں تھا۔ میرے ساتھ خدا ہے اگر ساری دنیا بھی پھر جائے گی تو ان شاء اللہ میں غالب آؤں گا اور اس علم کو ہرگز نہ

کھولوں گا جس کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے باندھا ہے اور جو شخص زکوٰۃ و صلوٰۃ میں فرق کرے گا اس سے ضرور قتال کروں گا۔ اگر چہ ازواج کو بھیڑیئے گھسیٹ کرلے جائیں۔ طاعت کی برکت سے حق تعالیٰ نے کفار کے دلوں میں وہ رعب ڈالا یہ سمجھے کہ ان کے پاس بہت سامان معلوم ہوتا ہے کہ جو اتنی بڑی فوج باہر روانہ فرمارہے ہیں۔ غرض یہ ہے کہ طاعت کے نور نے وہ نصرت فرمائی کہ سب پر غالب آ گئے۔

دیندار ہونا خوشی کی بات ہے

ملفوظ ۱۲۰۔ فرمایا کہ میرے ایک عزیز نے ایک عجیب بات کہی تھی کہ مولوی ہونا کوئی خوشی کی بات نہیں ہے۔ دیندار ہونا خوشی کی بات ہے واقعی عجیب بات ہے۔

شیطان نے لوگوں کا راستہ مار رکھا ہے

ملفوظ ۱۲۱۔ فرمایا ایک صاحب نے خط لکھا ہے کہ مجھے نماز پڑھنے کا بہت شوق ہے مگر دل نہیں لگتا۔ میں نے لکھ دیا ہے کہ اس میں حرج ہی کیا ہے۔ شیطان نے لوگوں کا راستہ مار رکھا ہے۔ (جامع نے عرض کیا کہ حضرت دوا پینے میں کون سا دل لگتا ہے ہر شخص دوا کو بے دلی سے پیتا ہے اور اسی حالت میں ہم دیکھتے ہیں کہ مریضوں کو شفاء ہوتی ہے اسے کوئی نہیں کہتا کہ دوا پیتا ہوں اور دل نہیں چاہتا جانتے ہیں کہ دوا پینے میں کب دل لگا کرتا ہے اور یہ بھی جانتے ہیں کہ دل کے نہ لگنے سے دوا کا اثر تھوڑا ہی جاتا رہے گا) فرمایا کہ بالکل سچ ہے۔

تربیت کا مفہوم

ملفوظ ۱۲۲۔ ایک صاحب نے لکھا تھا کہ میری تربیت کر دیجئے میں نے ان سے دریافت کیا کہ تربیت سے آپ کی کیا مراد ہے ان صاحب نے جواب دیا کہ میں کچھ وظیفہ پڑھا کرتا ہوں اس کی اجازت فرما دیجئے۔ میں نے ان کو لکھا ہے کہ تربیت کے معنی اجازت دینا کس زبان میں ہے۔ اب لوگ مجھے وہمی کہتے ہیں۔ بتلایئے اس میں کون سے وہم کی بات ہے۔

طالبان جاہ کا حال

ملفوظ ۱۲۳۔ فرمایا کہ طالبان جاہ دین کا کام بھی کرتے ہیں تو وہ بھی جاہ کے واسطے کرتے ہیں۔